بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## حرفِ اول

# نیویارک میں "انسٹی ٹیوٹ آف قرآنک وِزڈم" کے قیام کی تجویز

مرکزی انجمن کے صدر مؤسس محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے اس سال ماہ رمضان المبارک کا بڑا حصہ فلشنگ' نیویارک کے مسلم سنٹر کی نئی تعمیر شدہ بلڈنگ میں گزارا' جہاں احباب کے شدید اصرار پر انگریزی زبان میں دورۂ ترجمہ قرآن کا پروگرام ترتیب دیا گیا تھا۔ اس نئے مسلم سنٹر میں دعوت قرآنی کے کام کا آغاز گویا اسی دورۂ ترجمہ قرآن سے ہوا۔ بحمد اللہ یہ پروگرام پہلے سے طے شدہ شیڈول کے مطابق بحسن و خوبی سرانجام پایا اور پندرہ پاروں کی حد تک انگریزی زبان میں ترجمہ قرآن اور مختصر تشریح کی آڈیو ویڈیو ریکارڈنگ کا کام مکمل ہوا جس کا امریکہ میں مقیم ہمارے رفقاء و احباب کی جانب سے گزشتہ کئی برسوں سے شدید تقاضا تھا۔ اور اس طرح قرآن حکیم کی حکمت پر مبنی دعوت اور اس کے انقلابی فکر کی انگریزی زبان میں منتقلی کا ایک حد تک سامان ہو گیا کہ جس کی ترویج و اشاعت کے لئے ہی مرکزی انجمن کا قیام عمل میں آیا تھا۔

مسلم سنٹر کی انتظامیہ کے جذبہ تعاون' دینی لگن اور قرآن حکیم کے ساتھ ان کے تعلق خاطر کو دیکھتے ہوئے محترم ڈاکٹر صاحب نے ان کے سامنے یہ تجویز پیش کی کہ اس نئے سنٹر کو "حکمتِ قرآنی" کی اشاعت کا مرکز بنایا جائے اور اسے دوسرے سنٹرز کی طرح محض ایک سنڈے (Sunday) سکول بنانے کی بجائے کہ جہاں صرف بچوں کی ابتدائی دینی تعلیم کا اہتمام ہوتا ہے' تعلیم بالغاں کا ایک مؤثر مرکز بھی بنایا جائے جہاں عاقل و بالغ افراد کو عربی زبان کی تعلیم دینے اور قرآن حکیم کے فکر و فلسفہ اور اس کی تعلیمات سے روشناس کرانے کا مناسب انتظام ہو۔ محترم ڈاکٹر صاحب نے اس کے لئے Institute of Quranic Wisdom (انسٹی ٹیوٹ آف قرآنک وِزڈم) کا نام تجویز کیا اور اس ضمن میں ایک اجمالی نقشہ کار بھی انتظامیہ میں شامل اہم عہدیداران کے سامنے رکھا جس میں تفصیلات کا رنگ بعد میں باہم مشورے سے بھرا جا سکتا ہے۔ بحمد اللہ سنٹر کی انتظامیہ نے اس تجویز کو پسند کیا اور اصولی طور پر اس انسٹی ٹیوٹ کے قیام کی منظوری دے دی۔ توقع ہے کہ فلشنگ کا یہ مسلم سنٹر شمالی امریکہ میں دعوت قرآنی کا ایک اہم مرکز ثابت ہو گا۔ السعی منا والاتمام من اللہ ○○

© rasailojaraid.com